سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ کیا دیوبندیوں کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے ؟

جواب

کیا دیوبندیوں کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا دیوبندیوں کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بات دیوبندی یا اہل حدیث کی نہیں ہے، بلکہ ہر شخص کے اپنے ذاتی عقائد کو دیکھ کر حکم لگایا جاتا ہے، چنانچہ کافر یا مشرک امام کی اقتداء میں نماز درست نہیں ہے، خواہ وہ اپنے آپ کو اہل حدیث ہی کیوں نہ کہلاتا ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ''جو وہ عمل کرتے ہیں وہ باطل ہیں'' اسی طرح ہر وہ شخص جو بدعت مکفرہ کا مرتکب ہو اس کے پیچھے بھی نماز نہیں ہوتی۔ لیکن بدعت غیر مکفرہ کے مرتکب اور فاسق و فاجر امام کے پیچھے راجح موقف کے مطابق نماز ہو جاتی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی